Fairfax County PUBLIC SCHOOLS ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

CONFIDENTIAL

آٹزم (نشونما میں تاخیر)
کمیٹی کے فیصلے کی بنیادی وجوہات

طالب علم کا نام______________________آئی ڈی نمبر__________ملاقات کی تاریخ______________

تعریف: آٹزم سے مراد نشونما کی ایسی کمزوری ہے جس کا اثر نمایاں طور پر زبانی اور غیر زبانی رابطے اور سماجی میل جول پر پڑتا نظر آتا ہے، عام طور سے اس کا پتہ تین سال کی عمر سے پہلے چل جاتا ہے اور اس سے طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں. اکثر اوقات آٹزم سے جڑی دیگر خصوصیات میں بار بار دہرانے والی سرگرمیاں اور عجیب و غریب حرکتیں، ماحولیاتی تبدیلی یا روزمرہ کے معمول میں کسی بھی طرح کی تبدیلی سے مزاحمت اور حسی تجربات کی طرف غیر معمولی رد عمل شامل ہے. اگر طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہونے کی بنیادی وجہ اس کی جذباتی کمزوری ہے تو اسے آٹزم کے طور پر نہیں لیا جائے گا. اگر کسی بھی طالب علم میں تین سال کی عمر کے بعد آٹزم کی خصوصیات ظاہر ہوتی ہیں تو اس تعریف کے معیار پر پورا اترنے کی صورت میں اسے آٹزم کا شکار قرار دیا جا سکتا ہے.

متعدد ذرائع سے لی گئی معلومات پر غور کریں، تعریف پر نظر ثانی کریں، درج ذیل معیار پر غور کریں اور کوئی بھی اضافی معلومات درج کریں. یاد رکھیں کہ طبی ماہر کی طرف سے بنائی گئی رپورٹ میں شامل تشخیص اہلیت کا تعین کرنے کے لیئے کافی نہیں ہے.

معیار. آٹزم (نشونما میں تاخیر) کا شکار ایسا طالب علم جسے خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے، درج ذیل **تمام** معیارات پر پورا اترے گا. ہر معیار کے لیئے جی ہاں یا جی نہیں میں جواب دیں اور ضرورت ہو تو اضافی معلومات فراہم کریں.

جی ہاں	جی نہیں	
☐	☐	A. جیسا کہ درج ذیل تمام بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ طالب علم سماجی رابطے اور معاشرتی تعلقات میں مسلسل ناکامی کا اظہار کرتا ہے:

☐ سماجی و جذباتی تعلقات استوار کرنے میں ناکامی (مثال کے طور پر.، غیر معمولی سماجی رویہ اور بات چیت جاری رکھنے کے حوالے سے ناقص کاکردگی؛ دلچسپیوں، جذبات یا تاثر کا اظہار کرنے میں کمی یا سماجی تعلقات پیدا کرنے یا بڑھانے میں ناکامی).

☐ سماجی تعلقات کے لیئے استعمال ہونے والے غیر زبانی رویوں کے اظہار میں ناکامی (مثال کے طور پر.، غیر تسلی بخش زبانی اور غیر زبانی بات چیت، نظریں چرانا اور غیر معمولی جسمانی رویہ یا چہرے پر نہ سمجھ آنے والے تاثرات یا سپاٹ چہرہ اور غیر زبانی گفتگو).

☐ تعلقات بنانے، جاری رکھنے اور سمجھنے میں ناکامی (مثال کے طور پر.، مختلف سماجی حالات کے مطابق ڈھلنے میں مشکلات کا سامنا، دوسروں کے ساتھ خیالی کھیل کھیلنے یا دوست بنانے میں مشکل یا ہم عمر ساتھیوں میں کوئی دلچسپی نہ دکھانا).

وضاحت کریں:

جی ہاں	جی نہیں	
☐	☐	B. جیسا کہ درج ذیل بیانات میں سے کم از کم ایک میں وضاحت کی گئی ہے، طالب علم محدود، دہرائے جانے والے طرز عمل، دلچسپیوں یا سرگرمیوں کا اظہار کرتا ہے.

☐ عجیب و غریب حرکتیں کرنا یا دہرانا چیزوں اور زبان کا عجیب و غریب استعمال (مثال کے طور پر، کھلونوں کو قطار میں لگانا یا چیزوں کو الٹ پلٹ کرنا، دوسرے کے الفاظ کو دہرانا یا بے ربط جملے یا الفاظ

☐ ایک ہی بات کی ذد لگا لینا، معمولات کی طرف غیر مصالحانہ رویہ، حسی تجربات کی طرف غیر معمولی رد عمل یا طے شدہ زبانی اور غیر زبانی رویے (مثال کے طور پر.، چھوٹی موٹی تبدیلیوں پر انتہائی بے چینی، نئی چیزیں اپنانے میں مشکلات یا صرف اپنے نظریے پر قائم رہنا).

☐ انتہائی محدود، طے شدہ دلچسپیاں جو شدت یا توجہ کے لحاظ سے غیرمعمولی ہوں مثال کے طور پر.، کسی کے ساتھ بے تحاشا لگاؤ یا غیر معمولی چیزوں پر پہلے سے قبضہ یا دلچسپیوں کے حوالے سے بے حد پابند یا خبطی رویہ.

وضاحت کریں:

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی تحریری رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا.

آٹزم (نشونما میں تاخیر)
کمیٹی کے فیصلے کی بنیادی وجوہات

طالب علم کا نام____آئی ڈی نمبر______________ملاقات کی تاریخ____________________

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ C. طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہونے کی بنیادی وجہ آٹزم نہیں ہے۔

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ D. درج بالا نشاندہی کردہ خصوصیات طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات ڈالتی ہیں۔

وضاحت کریں:

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐ E. آٹزم کی تصدیقی خصوصیات کے نتیجے میں طالب علم کو خصوصی طور پر تشکیل دی گئی ہدایات درکار ہیں۔

وضاحت کریں:

☐ دستیاب تمام تحریری اور زبانی معلومات کا جائزہ لینے کے بعد کمیٹی یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ اٹزم کے مقررہ معیار پورے کیئے گئے۔

☐ دستیاب تمام تحریری اور زبانی معلومات کا جائزہ لینے کے بعد کمیٹی یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ آٹزم کے مقررہ معیار پورے نہیں کیئے گئے۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی تحریری رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔